# 13-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے حکومت کئی اسکیموں پر کامیابی کے ساتھ عمل آوری کررہی ہے۔

۲۔وزیراعظم نریندر مودی نے مشہور اداکار کوٹا سرینواس راؤ کی موت پر اپنے رنج وملال کا اظہار کیا ہے۔

۳۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے سکندرآباد میں آج اجینی مہا کالی بونال جاترا میں شرکت کی۔انہوں نے حکومت کی طرف سے دیوی کو ریشمی لباس کا نذرانہ پیش کیا اور پوجا میں شرکت کی۔

اور

۴۔حیدرآباد کے دفتر موسمیات نے تلنگانہ کے چند اضلاع میں ہلکی تا اوسط بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

Bonalu

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے سکندرآباد میں آج اجینی مہا کالی بونال جاترا میں شرکت کی۔انہوں نے حکومت کی طرف سے دیوی کو ریشمی لباس کا نذرانہ پیش کیا اور پوجا میں شرکت کی۔اس موقع پر ان کے ہمراہ ریاستی وزرا کونڈا سریکھا، پی سرینواس ریڈی اور پونم پربھاکر موجود تھے۔چیف منسٹر نے ریاست میں بروقت بارش اورعوام کی خوشحالی کیلئے پرارتھنا کی۔مہا کالی بونال جاترا جوش وخروش کے ساتھ جاری ہے۔یاتریوں کودشواریوں سے بچانے کیلئے قطاروں کا انتظام کیا گیا۔درشن کیلئے عقیدتمندوں کی کثیر تعداد جمع ہورہی ہے۔آج بونالو پیش کیا جارہا ہے جبکہ کل رنگم پروگرام منعقد ہوگا اور جلوس نکالا جائے گا۔پولیس نے بونالو تقاریب کیلئے وسیع تر حفاظتی انتظامات کئے ہیں۔

singareni

ریاستی وزیر لیبر وویک سوامی نے کہا ہے کہ سنگارینی سے متاثرہ علاقوں میں ترقی کیلئے مختص ڈی یم اے پی ٹی فنڈس ان ہی علاقوں میں خرچ کرنے کیلئے جلد ہی ایک قانون بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سنگارینی میں نئے کانوں کی کھدائی کیلئے چیف منسٹر کیلئے بات چیت کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ منچریال ضلع کے جئے پور میں مزید 85 میگاواٹ برقی کی پیداوار کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے تیقن دیا کہ سنگارینی کے

کنٹراکٹ ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیلئے اقدامات کئے جائیں گے۔ وویک سوامی نے کہا کہ گزشتہ سال سنگارینی کمپنی ریکارڈ منافع کمایا۔انہوں نے کہا کہ اسکل ڈیولپمنٹ سنٹرس کے ذریعہ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کیلئے اقدامات کئے جائے ہیں۔

BSNL

حیدرآباد میں 300 سے زیادہ بی ایس این ایل موبائل ٹاورس کو 4G میں اَپ گریڈ کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ بی ایس این ایل کے حیدرآباد کے پی جی ایم چندرمولی نے یہ بات بتائی۔انہوں نے کہا کہ 2 ہزار 430 نئے ٹاورس کی تنصیب کیلئے منصوبہ بنایا گیا ہے۔

Kota Srinivasa Rao

وزیراعظم نریندر مودی نے مشہور اداکار کوٹا سرینواس راؤ کی موت پر اپنے رنج وملال کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اپنے 40 سالہ کیریئر میں غیر معمولی اداکاری سے انہوں نے عوام کومحظوظ کیا۔کوٹا سرینواس راؤ کی موت پر گورنر جشنو دیو ورما، چیف منسٹر ریونت ریڈی، آندھراپردیش کے چیف منسٹر چندرابابو نائیڈو، سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو اور کئی ممتاز فلمی شخصیتوں نے تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے اپنے تعزیتی پیامات میں کہا کہ چاردہوں کے فلمی کیریئر میں سرینواس راؤ نے 700 سے زیادہ فلموں میں مختلف کردار نبھائے۔سیاسی قائدین اور فلمی ہستیوں نے سرینواس راؤ کے ارکانِ خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا۔ سرینواس راؤ آج صبح جوفلم نگر میں اپنی قیام گاہ پر چل بسے۔ وہ 83 سال کے تھےاور گزشتہ کچھ عرصہ سے علیل تھے۔سیاسی اور فلمی شخصیتوں نے ان کے مقام پہنچ کر ان کا آخری دیدار دیا۔آج شام سرینواس راؤ کی آخری رسومات ادا کردی گئیں۔ان کے مکان سے نکالے گئے ارتھی کے جلوس میں کئی فلمی شخصیتوں نے شرکت کی۔ جوبلی ہلز کے مہاپرستھانم میں ان کی آخری رسومات ادا کی گئیں۔فلم شخصیتوں،ارکانِ خاندان اور پرستاروں نے آخری رسومات میں شرکت کی۔

ODELU COURT

پداپلی ضلع کے اوڈیلو میں جونیر سیول کورٹ کا قیام ایک تاریخی اقدام ہے،جس سے عوام کوجلد انصاف کی فراہمی ممکن ہوگی۔ ریاستی ہائی کورٹ کے جج اور پداپلی ضلع کے اڈمنسٹریٹیوجج جسٹس کے لکشمن نے یہ بات بتائی۔انہوں

نے کہا کہ پداپلی ضلع کی مختلف عدالتوں میں کئی مقدمات زیر التوا ہیں۔ ان مقدمات کی یکسوئی کیلئے بنیادی سہولتوں کی بہتری اور نئی عدالتوں کے قیام جیسے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے وکلاء اور عوام سے اپیل کی کہ وہ تعاون کریں۔ جسٹس لکشمن نے کہا کہ نظام عدلیہ میں رول آف لاء سب پر مساوی طور پر لاگو ہونا چاہئے اور سماج میں ہر شہری کو قومی خدمات لازمی طور پر حاصل ہونی چاہئے۔

Weather

حیدرآباد کے دفتر موسمیات نے تلنگانہ کے چند اضلاع میں ہلکی تا اوسط بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔ عادل آباد، نظام آباد، میدک، محبوب نگر، کھمم، رنگا ریڈی، حیدرآباد، میدک اور سنگا ریڈی اضلاع میں بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں بھی چل سکتی ہیں۔

Yadgir guda

آندھراپردیش کے وزیر امکنہ اطلاعات اور تعلقات عامہ کے پارتھا سارتھی آج اپنے ارکان خاندان کے ہمراہ یادگیری گٹہ کے سری لکشمی نرسمہا سوامی مندر میں پوجا کی۔ اس موقع پر مندر کے عہدیداروں نے پارتھا سارتھی اور ان کے ارکانِ خاندان کا استقبال کیا۔ عہدیداروں نے ان کے دورہ کیلئے وسیع تر انتظامات کئے۔

Promotion

ریاست میں 81 جونیر لکچررس کو پرنسپل کی حیثیت سے ترقی دیتے ہوئے ریاستی حکومت نے احکام جاری کئے ہیں۔ نامپلی میں واقع انٹرمیڈیٹ بورڈ کے دفتر میں کل ان کے لئے کونسلنگ کا انعقاد عمل میں آرہا ہے۔ سینا ریٹی کی بنیاد پر پرنسپل کی جائیدادیں پرکی جارہی ہیں۔ اگر کوئی جونیر لکچرر کسی جائیداد پر تقرر کیلئے آگے نہیں آتا ہے تو سینا ریٹی کے لحاظ سے اگلے جونیر لکچرر کو موقع دیا جائے گا۔

500 Note

مرکزی حکومت نے وضاحت کی ہے کہ آر بی آئی نے اے ٹی ایمس کے ذریعہ 500 روپے کے نوٹوں کی سربراہی روک دینے کیلئے کوئی احکام جاری نہیں کئے ہیں۔ اس سلسلہ میں بعض گوشوں میں پھیلائی جارہی خبریں میں کوئی سچائی نہیں ہے۔ حکومت نے کہا کہ 500 روپیوں کے نوٹوں کا چلن برقرار رہے گا۔

election commission

الیکشن کمیشن آف انڈیا سپریم کورٹ کی اجازت سے بہار میں ووٹرس کی فہرست پر خصوصی نظرثانی کرر ہا ہے۔ان ہی خطوط پر ملک بھر میں ووٹر لسٹ پر نظرثانی کیلئے الیکشن کمیشن منصوبہ تیار کرر ہا ہے۔الیکشن کمیشن آئندہ مہینہ اِس عمل کے انعقاد کیلئے ریاستی چیف الیکٹورل آفیسرس کے ساتھ مشاورت کرر ہا ہے۔اس عمل کے ذریعہ ووٹر لسٹ سے غیر ملکیوں کے نام خارج کئے جائیں گے۔

Mancherial

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے حکومت کئی اسکیموں پر کامیابی کے ساتھ عمل آوری کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہر اسمبلی حلقوں میں چھوٹی صنعتوں کے قیام کیلئے حکومت خواتین کو درکار مدد فراہم کررہی ہے۔ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنا کر ہی خاندانوں کو ہر اعتبار سے مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔انہوں نے منچریال ضلع کے دورہ کے تحت ربن پلے میں منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ تمام مستحق اور اہل خواتین کو اندراماں مکانات منظور کئے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ پرانا ہیتا چیوڑلہ پراجکٹ کو مکمل کرتے ہوئے متحدہ ضلع عادل آباد کے کسانوں کے ساتھ انصاف کیا جائے گا۔

○○